## سوال

(50) اختتامِ جنازہ پر سلام پھیرتے ہوئے ہاتھ کیسے چھوڑے جائیں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لوگ جب نمازِ جنازہ میں دائیں طرف سلام پھیرتے ہیں تو دایاں ہاتھ اور جب بائیں طرف سلام پھیرتے ہیں تو بایاں ہاتھ چھوڑ دیتے ہیں ۔ مذکورہ کیفیت صحیح ہے یا غلط؟ (ہدایت الٰہی ۔ لاہور) (۲۷ ستمبر ۲۰۰۲ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازِ جنازہ میں دونوں طرف سلام پھیرنے کے بعد ہاتھ چھوڑنے چاہئیں کیوں کہ اسی حالت میں آدمی نماز سے فارغ سمجھا جاتا ہے ۔ ہاں البتہ اگر صرف ایک ہی سلام پر اکتفا کرنی ہو۔ (جو احادیث سے ثابت ہے ) تو پھر ہاتھ چھوڑنا بلاتردد جائز ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### جلد: 3، کتاب الجنائز: صفحہ: 115

محدث فتویٰ